# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 03 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳؍ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بھارت کی مائیکروچِپ مستقبل میں دنیا کی رہنمائی کرے گی۔سیمی کان انڈیا2025 کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گزیٹیر پر عمل درآمد کرنے سے متعلق سرکاری حکمنامہ جاری۔

☆ ناگپور کے ساڑھے پانچ کلومیٹر طویل دومنزلہ فلائی اوور پُل کا گنیز ریکارڈ میں اندراج۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں شاعر بی رگھوناتھ کی یاد میں فیسٹیولس کے انعقاد کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر علاقوں کیلئے آج بارش کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سیمی کنڈکٹرز میں دنیا کو ترقی دینے کی طاقت ہے اور بھارت کی مائیکروچِپس مستقبل میں دنیا کو سمت دیں گی۔ وزیراعظم، کل نئی دہلی کے یشوبھومی میں سیمی کان انڈیا2025 کی افتتاحی تقریب سے مخاطب تھے۔انہوں نے عالمی چِپ مارکیٹ میں بھارت کے بڑھتے ہوئے اثرورسوخ کی طرف توجہ مبذول کروائی۔وزیراعظم مودی نے بتایا کہ 21ویں صدی میں یہ چھوٹے چِپس بڑی طاقت رکھتے ہیں۔انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

اس موقعے پر الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھی موجود تھے۔انھوں نے کہا کہ ملک میں پانچ سیمی کنڈکٹر یونٹس کے قیام کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے اور چند ماہ میں مزید دو یونٹس سے پیداوار شروع ہوجائے گی۔

***** ***** *****

اشیا اور خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) کونسل کے 56ویں اجلاس کا آج سے نئی دہلی میں آغاز ہورہا ہے۔اس دوروزہ اجلاس میں گڈز اینڈ سروسیز ٹیکس (جی ایس ٹی) اصلاحات اور ٹیکس کی شرحوں کو معقول و سہل بنانے پر بات چیت ہونے کا امکان ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے لال قلعے پر یوم آزادی کی تقریر میں اس سے متعلق وعدہ کیا تھا، ان اصلاحات کو دیوالی کے دوران نافذ کرنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کل مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزیٹ کو نافذ کرنے کا سرکاری حکمنامہ جاری کیا۔جس کے بعد مراٹھا رہنما منوج جرانگے پاٹل نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کرکے احتجاج واپس لے لیا۔

بعدازاں، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ اس بات چیت کے ذریعے مراٹھا برادری کے مفاد میں ایک حل نکالا گیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس فیصلے سے مراٹھواڑہ میں رہنے والے مراٹھا سماج کے افراد کو کنبی صداقت نامے دینے کا عمل آسان ہوجائے گا اور حیدرآباد گیزیٹیر کی مدد سے کنبی اندراجات کی تلاش بھی آسان ہوجائے گی۔

متعلقہ حکومتی فیصلے کے مطابق، مراٹھا برادری کے اہل افراد کو کنبی، مراٹھا کنبی یا کنبی مراٹھا ذات کے سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے مجاز اتھارٹی کی تحقیقات اور مدد کرنے کیلئے دیہی سطح پر ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ اس کمیٹی میں دیہی محصول آفیسر، گرام پنچایت آفیسر اور معاون زرعی آفیسر شامل ہوں گے۔

***** ***** *****

مراٹھا مظاہرین کے خلاف درج شدہ مقدمات کو رواں ماہ کے اواخر تک واپس لینے، احتجاج کے دوران جان گنوانے والے مظاہرین کے اہلِ خانہ کو اندرونِ ایک ہفتہ مالی امداد دینے اور ان کے ورثاء کو سرکاری اداروں میں ملازمت دینے سے متعلق سرکاری فیصلہ بھی کل جاری کیا گیا۔

اسی بیچ آزاد میدان پر جاری احتجاج کی کامیابی کے بعد ہر طرف مراٹھا سماج کے لوگوں نے جشن منایا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر اور لاتور سمیت مراٹھواڑہ میں ہر جگہ رنگ اُڑاتے ہوئے آتش بازی کی گئی اور مٹھائیاں تقسیم کرکے خوشی کا اظہار کیا گیا۔

***** ***** *****

ممبئی عدالتِ عالیہ نے کہا ہے کہ حکومت کو ممبئی کے آزاد میدان میں مراٹھا ریزرویشن کیلئے احتجاج کرنے والے مظاہرین کو ہٹانے کیلئے طاقت کا استعمال کرنا چاہیے تھا۔ گزشتہ روز اس احتجاج سے شہریوں کو دشواریوں کا سامنا کرنے سے متعلق ایک درخواست کی سماعت کے دوران عدالت نے سوال کیا کہ حکومت عدالت کے احکامات کی تعمیل کیوں نہیں کرسکی؟ عدالت نے مزید استفسار کیا کہ حکومت نے عدالت کے علم میں کیوں نہیں لایا کہ پانچ ہزار مظاہرین کو احتجاج کی اجازت دینے کے بعد مظاہرین کی تعداد ایک لاکھ سے تجاوز ہوچکی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ناگپور میں کامٹھی شاہراہ پر تعمیر شدہ ساڑھے پانچ کلومیٹر سے زیادہ طویل سب سے بڑے دومنزلہ فلائی اوور کا نام گنیز ورلڈ ریکارڈ میں درج کرلیا گیا ہے۔ اس کا سرٹیفکیٹ کل وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں گنیز ورلڈ ریکارڈ کے ذریعہ مہا میٹرو کو تفویض کیا گیا۔ یہ چار لین فلائی اوور، سنگل کالم پیئر پر بنایا گیا ہے، جس کے پہلے منزلے پر ایک شاہراہ اور دوسری منزل پر میٹرو ٹریفک کا نظام ہے۔

***** ***** *****

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی ملکی پیداوار یعنی (جی ڈی پی) میں نمایاں اضافہ درج کیا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اُمیش شرما نے کہا کہ اس اضافے سے مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے، جس سے عام شہریوں کو فائدہ پہنچنے کا امکان ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مصنوعی ذہانت یعنی اے آئی کی معلومات رکھنے والے افراد کیلئے نئے مواقع دستیاب ہوں گے۔

اس حوالے سے اُمیش شرما کا تفصیلی تجزیہ ہمارے مرکز سے آج نشر ہونے والے ''پراسنگِک'' پروگرام میں سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام آج صبح دس بجکر پینتالیس منٹ پر ہمارے مرکز سے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ناندیڑ شہر اور ضلع کے 250 عوامی گنیش منڈلوں نے ڈی جے نہ بجانے سے متعلق حکومت کو حلف نامہ دیا ہے۔ ان تمام گنیش منڈلوں کے عہدیداروں کا کل ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے اور پولس سپرنٹنڈنٹ اویناش کمار کے ہاتھوں توصیف نامے دیکر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

بال رنگ بھومی پریشد کی بیڑ شاخ کی جانب سے گنیش اُتسو کی مناسبت سے کل اُتھروشیرش پڑھنے کے اقدام پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ یہ تقریب کے ایس کے کالج کے اجلاس گاہ میں صبح 11 بجے منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

شاعر بی رگھوناتھ کی برسی کے موقعے پر چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں ایک یادگاری تقریب اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 7 تاریخ کو منعقد ہونے والے پروگرام میں مصنف پرساد کُمٹھیکر کو ان کے کہانیوں کے مجموعے ’اِتر گوشٹی‘ پر بی۔ رگھوناتھ ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ جبکہ پربھنی میں 14 ستمبر سے 17 ستمبر کے درمیان یہ پروگرام منعقد ہوں گے۔

***** ***** *****

پربھنی میں کل ’’ پنڈت دین دیال اپادھیائے روزگار میلہ منعقد ہوا۔ اس دوران مختلف شعبوں میں خالی 300 آسامیوں کیلئے 351 امیدواروں کے انٹرویوز لیے گئے اور 87 امیدواروں کا ابتدائی طور پر انتخاب کیا گیا۔

***** ***** *****

لاتور کے چیتنیہ پرائمری اسکول کو گذشتہ روز محکمۂ تعلیم نے سیل کر دیا۔ منظوری کے بغیر چلائے جانے والے اس اسکول میں سرپرستوں کو گمراہ کر کے متعدد طلباء کو داخلے دیئے گئے تھے۔ اس حوالے سے شکایت موصول ہونے کے بعد یہ کارروائی کرنے کی وضاحت تعلیمی افسر دیپک مٹھ پتی نے دی ہے۔

***** ***** *****

ڈویژن میں فی الحال پیٹھن کے جائیکواڑی اور سدھیشور آبی پشتوں سے تقریباً ساڑھے چودہ ہزار ملین مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ عیسیٰ پور آبی پشتے سے 15 ہزار کیوبک فٹ اور یلدری پشتے سے تقریباً 15 ہزار ملین کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

کوکن، مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کچھ حصوں میں محکمہ موسمیات نے آج بارش کا یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ لاتور اور دھاراشیو کو چھوڑ کر مراٹھواڑہ کے دیگر اضلاع میں بارش ہونے کا امکان ہے۔ کوکن، خاندیش اور ودربھ کے کچھ اضلاع میں آج بارش کا آرینج الرٹ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارت کی مائیکرو چپ مستقبل میں دنیا کی رہنمائی کرے گی۔سیمی کان انڈیا2025 کی افتتاحی تقریب میں وزیر اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گزیٹیر پر عمل درآمد کرنے سے متعلق سرکاری حکمنامہ جاری۔

☆ ناگپور کے ساڑھے پانچ کلومیٹر طویل دومنزلہ فلائی اوور پُل کا گنیز ریکارڈ میں اندراج۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں شاعر بی رگھوناتھ کی یاد میں فیسٹیولس کے انعقاد کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر علاقوں کیلئے آج بارش کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****